16-08-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے غیر قانونی امیگریشن کے خلاف خبردار کیا ہے، جو ملک کی آبادی کے تناسب کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے شہریوں کی حفاظت کے لیے، آبادی کے تناسب سے متعلق مشن کا اعلان کیا۔

2- NHAIنے پورے ملک میں، FASTagسالانہ پاس پر عمل درآمد شروع کر دیا ہے۔

3- آج پورے ملک میں، جنماشٹمی منائی جا رہی ہے۔

4- محکمہئ موسمیات نے، کونکن اور گوا میں آج انتہائی شدید بارش کے پیشِ نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کی تجارتی اشیاء کی برآمدات میں، جولائی کے مہینے میں کافی اچھی کارکردگی رہی۔ اِن برآمدات میں تقریباً 7 اعشاریہ 3 فیصد کا اضافہ ہو کر یہ 37 ارب 24 کروڑ امریکی ڈالر ہو گئیں۔

6- Alaskaمیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے اُن کے ہم منصب ولادیمیر پتن کے درمیان میٹنگ، یوکرین میں جنگ سے متعلق کسی سمجھوتے کے بغیر ختم ہو گئی۔

7- اور شطرنج میں، M Praneshنے Quantbox چنئی گرینڈ ماسٹرس چیمپئن شپ میں، چیلنجرس کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Demography Mission

وزیر اعظم نریندر مودی نے، غیر قانونی امیگریشن کے خلاف خبردار کیا ہے، جو ملک کی آبادی کے تناسب کے لیے خطرہ ہے۔

جناب مودی نے یومِ آزادی کے اپنے خطاب میں، آبادی کے تناسب سے متعلق ایک اعلیٰ اختیاراتی مشن کا اعلان کیا، تاکہ ملک کو، غیر قانونی امیگریشن سے لاحق خطرات سے بچایا جا سکے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ وہ اِس تشویش کے بارے میں قوم کو ہوشیار کرنا چاہیں گے، جو اب ایک چیلنج بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت، ملک کی آبادی کا تناسب، تبدیل کیا جا رہا ہے اور ایک نئے بحران کی بنیاد ڈالی جا رہی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ دراندازی کرنے والے لوگ، ملک کے نوجوانوں کی گزر بسر کے موقعے چھین رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہماری بہنوں اور بیٹیوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ یہ لوگ قبائلیوں کو گمراہ کر رہے ہیں اور اُن کی زمینیں ہتھیا رہے ہیں۔ اِس میں سے کچھ بھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔

وزیر اعظم نے، خاص طور پر سرحدی علاقوں میں، آبادی کے تناسب میں تبدیلیوں کی وجہ سے پیش آنے والے چیلنجوں کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں، جمہوری تناسب میں تبدیلیوں سے قومی سلامتی کو خطرہ لاحق ہے۔

S/B - PM Demography

NHAI Fastaq

بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI نے 79 ویں یومِ آزادی کے موقعے پر کل سے پورے ملک میں تقریباً ایک ہزار 150 ٹول پلازہ پر FASTag سالانہ پاس کی سہولت شروع کر دی ہے۔

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کے مطابق سالانہ پاس کے آغاز کے پہلے ہی دن، شام 7 بجے تک، تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار لوگوں نے یہ پاس خریدا۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ ٹول پلازہ پر رقوم کے تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار لین دین کیے گئے۔

وزارت نے مزید بتایا کہ ہر ایک ٹول پلازہ پر NHAI افسران اور نوڈل افسران مقرر کیے گئے ہیں، تاکہ پاس استعمال کرنے والوں کے سفر کی خوش اسلوبی کو یقینی بنایا جا سکے۔

FASTagسالانہ پاس، اِس مقصد سے شروع کیا گیا ہے کہ 3 ہزار روپے کی فیس، ایک بار ادا کر کے FASTag کو، بار بار ریچارج کرنے کے طریقے سے بچا جا سکے۔ یہ پاس ایک سال تک، یا 200 ٹول پلازہ کراسنگس تک، مجاز رہے گا۔

FASTagسالانہ پاس، اُن سبھی غیر کاروباری گاڑیوں کے لیے مجاز ہوگا، جن کے پاس FASTagموجود ہے۔×

Rev. Janamashtami

آج پورے ملک میں، جنماشٹمی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار بھگوان کرشن کے جنم دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ عقیدتمند بھگوان کرشن کی پوجا ارچنا کے لیے بڑی تعداد میں مندروں میں پہنچ رہے ہیں۔

Janamashtami Song Yashoda ka Nandlala

اترپردیش میں متھرا اور وِرنداون میں بھگوان کرشن کا جنم دن منانے کے لیے بڑے پیمانے پر تیاریاں کی گئی ہیں۔ بڑی تعداد میں لوگ بھگوان کرشن کے 5 ہزار 252 ویں جنم دن کو منانے کے لیے کرشن جنم بھومی مندر پہنچ گئے ہیں۔

V/C - Om Awasthi

شری کرشن جنم اشٹمی کے موقع پر، شری کرشن کے شہر متھرا میں زبردست مذہبی عقیدت اور زبردست جوش و خروش کا ماحول نظر آ رہا ہے۔ متھرا کے سبھی مندروں کو رنگ برنگی روشنیوں اور پھولوں سے سجایا گیا ہے۔ اس سال جنم اشٹمی کا تہوار مزید اہمیت کا حامل ہوگیا ہے، کیونکہ بھگوان کرشن کے درشن کے موقع پر اُنھیں ”سندور پھول بنگلا“ پیش کیا جائے گا تاکہ آپریشن سندور میں ملی کامیابی کے لیے مسلح افواج کی بہادری کو سلامی پیش کی جا سکے۔ کرشن جنم استھان سیوا ٹرسٹ کے ایک ممبر بھوپیش ناتھ چترویدی نے بتایا کہ بھگوان کرشن کی مورتی کو آج آدھی رات میں نذر آگ کیا جائے گا۔ درشن کے مقام پر LED اسکرینس بھی لگائے گئے ہیں تاکہ بڑی تعداد میں عقیدتمندوں بھگوان کرشن کے درشن کر سکیں۔ عقیدتمند کی حفاظت کے لیے سیکیورٹی کے بھی پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

آکاشوانی نیوز لکھنو سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

گجرات میں اہم مندر دوارکا دھیش سمیت سبھی شری کرشنا مندروں میں جنماشٹمی منائی جا رہی ہے۔

V/C - Aparna Khunt

ملک اور بیرونِ ملک سے عقیدتمند، مذہبی رسوم میں شامل ہونے کے لیے پوَتر شہر دوارکا پہنچ چکے ہیں۔ اِن رسموں کا آغاز صبح سویرے منگل آرتی سے ہوا۔ یہ مذہبی رسوم مختلف نذرانوں اور درشن کے ساتھ دن بھر جاری رہیں گی اور مندر میں بھگوان کرشن کے جنم کا خیر مقدم کرنے کے لیے ”جے کنہیا لال کی“ جاپ کے ساتھ آدھی رات کی آرتی کے ساتھ مکمل ہوں گی۔ مندر کو پھولوں، رنگ برنگی روشنیوں اور روایتی انداز میں سجایا گیا ہے۔

مندر میں ہر طرف بھجنوں، آرتیوں اور کرشن لیلا کیرتنوں کی گونج ہے۔ مندر کے منتظمین نے یاتریوں کی سہولت کے لیے بڑے پیمانے پر انتظامات کیے ہیں۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

Prez.Janmashtmi

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک اور بیرون ملک میں بھی بھارتی شہریوں کو شری کرشنا جمناشمٹی کے موقع پر دلی مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بھگوان شری کرشن کی زندگی اور تعلیمات ہمیں خود کی ترقی اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کو احساس کی تحریک دیتی ہیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ بھگوان شری کرشن نے دھرم کا راستے کی پیروی کرتے ہوئے حتمی سچائی کے بارے میں بنی نوع انسان کو واقف کرایا۔ صدرِ جمہوریہ مرمو نے اس بات کو اجاگر کیا کہ یہ تہوار لوگوں کو یوگیشور شری کرشن کی مجسم ابدی اقدار کو اپنانے کی ترغیب دیتا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Janamashtami

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام کو آج جنماشٹمی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ عقیدت، خوشی اور جوش و خروش کے اِس پوَتر تہوار سے لوگوں کی زندگیوں میں ایک نئی توانائی اور جذبہ پیدا ہوتا ہے۔x

Vajpaye Death Anniversary

قوم آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کو اُن کی ساتویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج قومی راجدھانی میں اُن کی سمادھی سدَیو اٹل پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔

مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ، جے پی نڈّا، کرن رجیجو، گجیندر سنگھ شیخاوت، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا بھی اِس موقع پر موجود تھیں۔x

J&K Kishthwar

جموں و کشمیر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، Chisotiمیں بادل پھٹنے کے تباہ کُن حادثے سے متاثرہ لوگوں سے ملنے کے لیے کشتواڑ پہنچے۔ اِس ناگہانی آفت میں کم سے کم 60 افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہو گئے۔ عمر عبداللہ نے مقامی لوگوں سے بات چیت کی، جنہوں نے سرِ دست تباہی اور درپیش چیلنجوں کی جانکاری دی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر اعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے بات چیت کی اور اُنہیں مرکز کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ وزیر اعظم نے صورتحال کا جائزہ لیا اور فوری راحت اور بازآبادکاری پر زور دیا۔

جمعرات کو بڑے پیمانے پر بادل پھٹنے کی وجہ سے، کشتواڑ ضلعے کے Chisoti پہاڑی گاؤں میں سیلاب آ گیا تھا، جس میں بہت سے مکانات، مویشی اور بنیادی ڈھانچہ بہہ گیا تھا۔

حکام نے، اِس علاقے میںNDRF ، SDRFاور فوج کی اضافی ٹیمیں تعینات کر رکھی ہیں اور طبّی امداد اور راحت کا سامان متاثرہ علاقوں میں بھیجا جا رہا ہے۔×

## Trump Putin Meeting

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے اُن کے ہم منصب ولادیمیر پتن کے درمیان یوکرین-روس تنازعے سے متعلق Alaska سربراہ کانفرنس، بغیر کسی سمجھوتے کے ختم ہو گئی۔ اِس بات چیت کو اس سلسلے میں ایک پیشرفت سمجھا جا رہا ہے۔ البتہ اِس میٹنگ میں، یوکرین کی جنگ سے متعلق کوئی معاہدہ نہ ہو سکا۔

میٹنگ کے بعد مشترکہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا کہ اُن کی بات چیت کا مرکز، یوکرین تنازع تھا۔

پتن نے کہا کہ وہ اِس تنازعے کو ختم کرنے کے لیے سنجیدہ ہیں اور انہوں نے اِس تنازع کو ایک المیہ قرار دیا۔

روس کے صدر نے یوکرین کی صورتحال کو، اُن کے ملک کے لیے ایک بنیادی خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ، ٹکراؤ سے بچنے اور مذاکرات کرنے کا وقت ہے۔

جناب پتن نے ماسکو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ اپنی اگلی ملاقات کے لیے مختلف جگہوں کی تجویز رکھی۔

جناب ٹرمپ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، اِس میٹنگ کو انتہائی نتیجہ خیز قرار دیا۔ میٹنگ میں بہت سے نِکات پر اتفاقِ رائے کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور روس کے پاس، مزید پیشرفت کا ایک بہت اچھا موقع ہے۔

S/B - Trump on No Deal

## Export Import Growth

جولائی کے مہینے میں بھارت کی تجارتی اشیا کی برآمدات کافی اچھی رہیں، اِن میں تقریباً 7 اعشاریہ 3 فیصد کا اضافہ ہو کر، یہ سالانہ طور پر 37 ارب 24 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ تجارت و صنعت کی وزارت کی طرف سے جاری عارضی اعداد و شمار کے مطابق، اشیا کی برآمدات کی ترقی کے بڑے عناصر، انجینئرنگ اشیا، جواہرات و زیورات،

الیکٹرانکس، دوا سازی سے متعلق اشیا اور آرگینک اور غیر آرگینِک کیمیاوی مادّے ہیں۔ اِن میں سے الیکٹرانکس اشیا کی برآمدات میں جولائی 2024 میں تقریبا 34 فیصد کا اضافہ ہوا۔ پہلے یہ 2 ارب 81 کروڑ ڈالر مالیت کی تھیں، جو پچھلے مہینے بڑھ کر 3 ارب 77 کروڑ ڈالر ہو گئیں۔

البتہ جولائی کے مہینے میں، تجارتی اشیا کے کاروبار کا خسارہ بڑھ کر 8 مہینے میں سب سے زیادہ 27 ارب 35 کروڑ ڈالر ہو گیا، جس کی وجہ، درآمدات میں 8 اعشاریہ 6 فیصد کا اضافہ تھا۔ یہ خسارہ 64 ارب 59 کروڑ تھا۔×

## IMD Weather

بھارتیہ محکمۂ موسمیات نے آج گوا اور کونکن میں شدید سے تیز موسلا دھار بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ نے آسام، میگھالیہ، اتراکھنڈ، مدھیہ مہاراشٹر، تلنگانہ، مغربی مدھیہ پردیش اور گجرات خطے میں بھی تیز سے موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس کے علاوہ اروناچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزوروم، تریپورا، چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، کرناٹک، کیرالہ، ماہے اور مراٹھواڑا میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، پنجاب، سوراشٹر، ودربھ اور مغربی اترپردیش میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے انڈومان نکوبار جزائر میں گرج چمک اور تیز ہوا کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

قومی راجدھانی میں بھی دن بھر تیز بارش ہو سکتی ہے۔x

## Chess

شطرنج میں، بھارتی Grand Master ایم Pranesh نے چنئی میں جاری گرانڈ ماسٹر 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔ اس خطاب کے بعد انھیں اگلے سال ماسٹرز زمرے میں مقابلہ آرائی کا موقع مل گیا ہے۔

جرمنی کے کھلاڑی Vincent Keymer نے بھی اس ٹورنامنٹ میں ایک یادگار جیت حاصل کی ہے۔ انھوں نے کل ماسٹرز زمرے کے فائنل مرحلے میں امریکہ کے GM Ray Robsonکو آسانی سے ہرایا۔ اس جیت پر انھیں 25 لاکھ روپے کا انعام دیا گیا ہے اور عالمی درجہ بندی میں اب وہ دسویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے ملک کے مختلف حصوں میں یومِ آزادی کی تقریبات بڑے جوش و خروش سے منائے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ قومی راجدھانی دلی میں تاریخی لال قلعہ کی فصیل سے وزیر اعظم نریندر مودی نے 12ویں بار ترنگا لہرایا اور قوم سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں جناب مودی نے پاکستان کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ خون اور پانی ایک ساتھ نہیں بہہ سکتے اور بھارت اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائے گا۔

وزیراعظم نے کشتواڑ حادثہ پر ایل جی منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے بات کی اس خبر کو آج کے زیادہ تر اخباروں نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ جناب مودی نے اس سانحہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور مرکز کی طرف سے متاثرین کے لیے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

مرکزی حکومت کی طرف سے جی ایس ٹی میں کچھ اصلاح کیے جانے کی کوششوں سے متعلق جانکاری دیے جانے کی خبر کو آج کے کئی اخباروں نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ وزارت خزانہ نے وزراء کے گروپ جی۔او۔ایم کو ایک نیا جی ایس ٹی ڈھانچہ پیش کیا ہے جس میں دو سلیب والی ٹیکس شرحیں ہوں گی اور کچھ خاص چیزوں کے لیے خصوصی شرحیں بھی شامل ہوں گی۔

جرمنی نے اسرائیل کی طرف سے مقبوضہ مغربی کنارے میں بستیوں کی تعمیر کے منصوبے کو روکنے پر زور دیا، یوروپی یونین نے بھی اسرائیل کو اس سے باز آنے کے لیے کہا جبکہ سعودی عرب نے القدس کے اطراف میں بستیوں کی تعمیر کی مذمت کی، اس خبر پر روزنامہ راشٹریہ سہارا نے خصوصی توجہ دی ہے۔X

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے غیر قانونی امیگریشن کے خلاف خبردار کیا ہے، جو ملک کی آبادی کے تناسب کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے شہریوں کی حفاظت کے لیے، آبادی کے تناسب سے متعلق مشن کا اعلان کیا۔

2- NHAI نے پورے ملک میں، FASTag سالانہ پاس پر عمل درآمد شروع کر دیا ہے۔

3- آج پورے ملک میں، جنماشٹمی منائی جا رہی ہے۔

4- محکمۂ موسمیات نے، کونکن اور گوا میں آج انتہائی شدید بارش کے پیشِ نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کی تجارتی اشیاء کی برآمدات میں، جولائی کے مہینے میں کافی اچھی کارکردگی رہی۔ اِن برآمدات میں تقریباً 7 اعشاریہ 3 فیصد کا اضافہ ہو کر یہ 37 ارب 24 کروڑ امریکی ڈالر ہو گئیں۔

6- Alaska میں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے اُن کے ہم منصب ولادیمیر پتن کے درمیان میٹنگ، یوکرین میں جنگ سے متعلق کسی سمجھوتے کے بغیر ختم ہو گئی۔

7- اور شطرنج میں، M Pranesh نے Quantbox چنئی گرینڈ ماسٹرس چیمپئن شپ میں، چیلنجرس کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------